Cattle: The effects of aflatoxicosis in ruminants are similar to those of non-ruminants. Calves are more sensitive than yearlings and adults. The first symptomatic effect of continuous ingestion of toxic groundnut meal in calves was a reduction in growth rate followed by unthriftiness, and loss of appetite, and the terminal symptoms were characterized by severe tenesmus. A dose of 0.2mg/kg body weight can cause a decrease in weight gains. This can be attributed to poor feed utilization and a dramatic increase in alkaline phosphate activity in the rumen. Chronic aflatoxicosis in adult

ruminants can cause anorexia, drying and peeling of the skin on the muzzle, rectal prolapse, and abdominal edema. Aflatoxicosis has also been shown to cause decreased fertility, abortion, and lowered birth weights in sheep.

6.2 Annex 2

Properties of Aflatoxin and It Producing Fungi By S.V. Reddy and Farid Waliyar

Many agricultural commodities are vulnerable to attack by a group of fungi that are able to produce toxic metabolites called mycotoxins. Among various mycotoxins, aflatoxins have assumed significance due to their deleterious effects on human beings, poultry and livestock. The aflatoxin problem was first recognized in 1960, when there was severe outbreak of a disease referred as "Turkey 'X' Disease" in UK, in which over 100,000 turkey poults were died. The cause of the disease was shown due to toxins in peanut meal infected with Aspergillus flavus and the toxins were named as aflatoxins.

Natural occurrence:

Food products contaminated with aflatoxins include cereal (maize, sorghum, pearl millet, rice, wheat), oilseeds (groundnut, soybean, sunflower, cotton), spices (chili, black pepper, coriander, turmeric, ginger), tree nuts (almonds, pistachio, walnuts, coconut) and milk.

Physical and chemical properties:

Aflatoxins are potent toxic, carcinogenic, mutagenic, immunosuppressive agents, produced as secondary metabolites by the fungus Aspergillus flavus and A. parasiticus on variety of food products. Among 18 different types of aflatoxins identified, major members are aflatoxin B1, B2, G1 and G2. Aflatoxin B1 (AFB1) is normally predominant in amount in cultures as well as in food products. Pure AFB1 is pale-white to yellow crystalline, odorless solid. Aflatoxins are soluble in methanol, chloroform, actone, acetonitrile. A. flavus typically produces AFB1 and AFB2, whereas A. parasiticus produce AFG1 and AFG2 as well as AFB1 and AFB2. Four other aflatoxins M1, M2, B2A, and G2A which may be produced in minor amounts were subsequently isolated from cultures of A. flavus and A. parasiticus. A number of closely related compounds namely aflatoxin GM1, parasiticol and aflatoxicol are also produced by A. flavus. Aflatoxin M1and M2 are major metabolites of aflatoxin B1 and B2 respectively, found in milk of animals that have consumed feed contaminated with aflatoxins.



Fig. 1 Structures of aflatoxins B_1, B_2, G_1, and G_2.



Fig. 2 Structures of aflatoxins M_1, M_2, B_{2A}, and G_{2A}.

Aflatoxins are normally refers to the group of difuranocoumarins and classified in two broad groups according to their chemical structure; the difurocoumarocyclopentenone series (AFB1, AFB2, AFB2A, AFM1, AFM2, AFM2A and aflatoxicol) and the difurocoumarolactone series (AFG1, AFG2, AFG2A, AFGM1, AFGM2, AFGM2A and AFB3). The aflatoxins display potency of toxicity, carcinogenicity, mutagenicity in the order of AFB1 > AFG1 > AFB2 > AFG2 as illustrated by their LD50 values for day-old ducklings. Structurally the dihydrofuran moiety, containing double bond, and the constituents liked to the coumarin moiety are of importance in producing biological effects. The aflatoxins fluoresce strongly in ultraviolet light (ca. 365 nm); B1 and B2 produce a blue fluorescence where as G1 and G2 produce green fluorescence.

Chemical and physical properties of aflatoxins

Aflatoxin	Molecular formula	Molecular weight	Melting point
B_1	$C_{17}H_{12}O_6$	312	268-269
B_2	$C_{17}H_{14}O_6$	314	286-289
G_1	$C_{17}H_{12}O_7$	328	244-246
G_2	$C_{17}H_{14}O_7$	330	237-240
M_1	$C_{17}H_{12}O_7$	328	299
M_2	$C_{17}H_{14}O_7$	330	293
B_{2A}	$C_{17}H_{14}O_7$	330	240
G_{2A}	$C_{17}H_{14}O_8$	346	190

Chemical reactions of aflatoxins

The reaction of aflatoxins to various physical conditions and reagents have been studied extensively because of the possible application of such reactions to the detoxification of aflatoxins contaminated material.

Heat:

Aflatoxins in dry state are very stable to heat up to the melting point. However, in the presence of moisture and at elevated temperatures there is destruction of aflatoxin over a period of time. Such destruction can occur either with aflatoxin in oilseed meals, aflatoxin in roasted peanuts or aflatoxin in aqueous solution at pH 7. Although the reaction products have not been examined in detail it seems likely that such treatment leads to opening of the lactone ring with the possibility of decarboxylation at elevated temperatures.

Alkalis:

In alkali solution hydrolysis of the lactone moiety occurs. This hydrolysis appears to be reversible, since it has been shown that recyclization occurs following acidification of a basic solution containing aflatoxin. At higher temperatures (ca. 100oC) ring opening followed by decarboxylation occurs and reaction may proceed further, leading to the loss of the methoxy group from the aromatic ring. Similar series of reactions also seems to occur with ammonia and various amines.

Acids:

In the presence of mineral acids, aflatoxin B1 and G1 are converted in to aflatoxin B2A and G2A due to acid-catalyzed addition of water across the double bond in the furan ring. In the presence of acetic anhydride and hydrochloric acid the reaction proceeds further to give the acetoxy derivative. Similar adducts of aflatoxin B1 and G1 are formed with formic acid-thionyl chloride, acetic acid-thionyl chloride and trifluoroacetic acid.

Oxidizing agents:

Many oxidizing agents, such as sodium hypochlorite, potassium permanganate, chlorine, hydrogen peroxide, ozone and sodium perborate react with aflatoxin and change the aflatoxin molecule in some way as indicated by the loss of fluorescence. The mechanisms of these reactions are uncertain and the reaction products remain unidentified in most cases.

Reduction:

Hydrogenation of aflatoxin B1 and G1 yields aflatoxin B2 and G2 respectively. Further reduction of aflatoxin B1 by 3 moles of hydrogen yields tetrahydroxyaflatoxin. Reduction of aflatoxin B1 and B2 with sodium borohydride yielded aflatoxin RB1 and RB2 respectively. These arise as a result of opening of the lactone ring followed by reduction of the acid group and reduction of the keto group in the cyclopentene ring.

Biology of A. flavus Link ex Fr. and A. parasiticus Spear:

The two fungi A. flavus and A. parasiticus are closely related and grow as a saprophyte on plant debris of many crop plants left on and in the soil. They are distributed worldwide, with a tendency to be more common in countries with tropical climates that have extreme ranges of rainfall, temperature and humidity. Members of the genus Aspergillus are characterized by the production of non-septate conidiophores, which are quite distinct from hyphae and which are swollen at the top to form a vesicle on which numerous specialized spore-producing cells, known as phialides or sterigmata are borne either directly (uniseriate) or on short outgrowths known as metulae (biseriate). Sometime difficulty may arise especially to determine because the primary sterigmata are tiny and are easily obscured by spores or other sterigmata. Colonies of A. flavus are green-yellow to yellow-green or green on Czapek's agar. They usually have biseriate sterigmata; reddish-brown sclerotia are often present, conidia are finely roughened, variable in size and oval to spherical in shape. Colonies of A. parasiticus dark green on Czepak's agar, remain green with age. Sterigmata are uniseriate, sclerotia are usually absent; conidia are coarsely echinulate, uniform in shape, size and echinulation.



Terminal portion of a conidiophore of A. flavus showing the basal portion of the vesicle and distribution of radiation phialides (arrows). X 1000.

Phialides and chains of conidia of A. parasiticus illustrating basipetal development of conidia. Those at the base of the chains (arrows) are least mature. X 3000.

Effect of A. flavus and aflatoxins contamination:
Deteriorate in grain quality due to A. flavus growth and become unfit for marketing and consumption. In groundnut, seed and non-emerged seedling decay and aflaroot disease was observed due to fungus attack. Aflatoxins contamination in grain poses a great threat to human and livestock health as well as international trade. According to FAO estimates, 25% of the world food crops are affected by mycotoxins each year. And also crop loss due to aflatoxins contamination costs US producers more than $100 million per year on average including $ 26 million to peanuts ($69.34/ha).



6.3 Annex 3 ISM-Mycored International Conference Europe 2013

The ISM-MycoRed International Conference Europe 2013 will be held from 27 to 31 May 2013 in Apulia, Martina Franca, Italy. The conference is organized by Antonio F. Logrieco and Angelo Visconti, chairmen, CNR ISPA – National Research Council, Institute of Science of Food Producsion, in cooperation with ISM - International Society for Mycotoxicology.

This appointment will close a cycle of conferences successful performed in Austria, Malaysia, South Africa, Argentina and Canada from 2009 up to now. It will represent an opportunity to strengthen cooperation and presenting the final results and outcomes arising from MycoRed project.

Oral and poster presentations, satellite meetings and exhibitions will be organized to favor fruitful meetings among scientists, industrial representatives coming from several countries worldwide.
You all are warmly invited to attend the conference presenting the results of your research progress, and enjoy the flavors and colors of our Mediterranean Apulia!

The Conference website is on line! Antonio F. Logrieco & Angelo Visconti

اور مٹی سے بچانے کی پوری کوشش کرنی چاہیئے۔ مرچوں کو جیوٹیکسٹائل شیٹ پر سکھانا چاہیئے اور رات کو جیوٹیکسٹائل شیٹ یا Tyvek ٹیوک شیٹ سے ڈھاکنا چاہیئے تاکہ اوس سے محفوظ رہیں۔

افلاٹاکسن والی زہریلی فنگس کا زیادہ تر دارومدار مرچوں کے سکھانے پر ہے۔ تازہ چنائی کی ہوئی مرچوں میں جو نمی ہوتی ہے وہ ان کو حرارت پہنچاتی ہے جس سے ان کو نقصان پہنچتا ہے۔ مرچوں کو سکھانے کے دو طریقے ہیں: ایک سورج کی روشنی والا قدرتی طریقہ اور دوسرا مشینی طریقہ۔

خشک موسم کے دوران سورج کی گرمی کے ذریعے مرچوں کو سکھانا بہت آسان اور سستا طریقہ ہے۔ اس طریقے کار کے تحت کھلی زمین کے اوپر مرچوں کو پھیلایا جاتا ہے یا کھلی چھت پر ان کو بچھایا جاتا ہے۔ ان کو اس طرح 15-10 دن رکھا جاتا ہے۔ لیکن اس طریقہ کار میں کچھ مسائل بھی درپیش آتے ہیں مثلاً ہوا میں شامل مٹی اور گرد بھی ان میں داخل ہوجاتی ہے یا اچانک بارش میں مرچ، بھیگ جاتی ہیں جس کی وجہ سے وہ افلاٹاکسن والی زہریلی فنگس کا نشانہ بنتی ہیں۔

دھوپ میں رکھنے سے بھی مرچوں کے رنگ میں سفیدی آجاتی ہے کیونکہ یہ سورج کی کرنوں کی خصوصیت ہے۔ ان مسائل سے بچنے کیلئے طریقہ کار تبدیل کرنا چاہیئے۔ اس عمل کیلئے کچھ ایوان یعنی صحن تیار کیے جاتے ہیں جن کو چکنی مٹی کا لیپ دیا جاتا ہے تاکہ مرچوں میں زمین والی گرد داخل نہ ہو۔ مٹی کی لپائی کے علاوہ اس زمین پر چٹائیاں اور چادریں بھی بچھائی جاتی ہیں۔

مرچوں کو پانچ دنوں کے بعد ہر دوسرے دن پلٹا جاتا ہے تاکہ ان کو ہر طرف سے یکساں دھوپ کی تپش مل سکے۔

سکھانے والے مرحلے کے دوران رات کے وقت مرچوں کو پلاسٹک کی چادروں سے ڈھاکنا پڑتا ہے تاکہ ان پر اوس نہ پڑے اور ان کا رنگ متاثر نہ ہو۔ اس کے لیے Solar Dryer (سورج کی روشنی پر سکھانے والے اوزار) بھی استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ اس عمل سے نہ صرف وقت کی بچت ہوتی ہے بلکہ مرچوں کے رنگ میں بھی نکھار آجاتا ہے۔ نمی والا موسم جو کہ عام طور پر مرچوں کی چنائی سے شروع ہوتا ہے اس دوران Solar Dryer استعمال نہیں کیے جاتے۔ مصنوعی یا مشینی طریقے سے مرچ سوکھانے والے آلات کیلئے سستی توانائی استعمال کرنا ضروری ہے۔ ڈرائرس کے ذریعے سکھانے میں مرچوں کو تسلوں میں رکھا جاتا ہے۔ اور ان کو گرم ہوا کا دباؤ بھی دیا جاتا ہے۔ اس دباؤ کی رفتار فی منٹ 75 سے 85 کیوبک میٹر ہوتی ہے جو ایک کیوبک میٹر مرچوں کو دیا جاتا ہے۔ پچھلے صفحات میں بیان کیا گیا جیوٹیکسٹائل شیٹ پر مرچ سکھانے والا طریقہ سب سے آسان اور محفوظ ہے۔

ایک دوسرا مرحلہ ہوتا ہے Grading یعنی درجہ بندی کا، جس میں غیر ضروری، چھوٹی سائز والی، فنگس سے متاثرہ اور بے رنگ مرچوں کو نکال کر صحت منداور چمکیلی مرچوں سے الگ کیا جاتا ہے۔ یہ درجہ بندی اچھی قیمت حاصل کرنے کیلیے ضروری ہے۔

ہونے کا خطرہ موجود رہتا ہے۔ تحقیق کے مطابق اس مادے کی ایک حد دی گئی ہے جس سے اوپر یہ نقصان کار ثابت ہوتا ہے۔

اسی فنگس (Fungus) کو حد کے اندر رکھنا موجودہ طریقہ کار میں بہت مشکل ہے کیونکہ ہمارے ہاں مرچوں کو صحیح طریقے سے سکھانے اور گوداموں میں رکھنے کے طریقے نہ ہونے اور حکومت کے عدم تعاون کی وجہ سے ہم اس معیار پر پورے نہیں اترتے۔ اس لئے اچھے معیار کا تقاضا کرنے والے اور زیادہ قیمت دینے والے ممالک مثلاً امریکہ اور یورپ یہ نہیں خرید کرتے۔

اس زہریلی فنگس سے پیداوار پاک وصاف رکھنے کے عمل کو ممکن بنانے کیلئے ہمیں مرچوں کی چنائی کے عمل کو صحیح طریقے سے انجام دینا پڑے گا اور مٹی پر سکھانے والے روایتی طریقے سے گریز کرنا پڑے گا۔ پرانی اور نئی مرچوں کو الگ رکھنا پڑے گا اور گودام میں رکھنے سے قبل ان کی صحیح طریقے سے درجہ بندی کرنی ہوگی۔

مرچوں کی خوبی کچھ اشیاء کے ملاپ میں سمائی ہوئی ہے مثلاً ذائقہ، بناوٹ، ان کی ظاہری شکل و صورت، ان کے کھانے کا ذائقہ جس سے کھانے والے کو ذائقہ وصحت ملتی ہے اور آبادگاروں کو بہتر قیمت۔

مرچوں کے پکنے کی حد کا تعین ان کی پختگی، رنگ اور ذائقے سے کیا جاتا ہے۔

مرچوں کی چنائی کا کام مرچوں کی پختگی اور مکمل طرح پک جانے پر کرنا چاہیئے۔ دیر سے چنائی

کرنے کی وجہ سے مرچوں میں سلوٹیں پڑ جاتی ہیں اور ان کے رنگ اور ذائقے میں بھی فرق آجاتا ہے جس سے مرچوں کا معیار متاثر ہوتا ہے۔

مرچوں کی فصل ایک ہی وقت تیار نہیں ہوتی بلکہ وہ وقفے وقفے سے تیار ہوتی رہتی ہے۔ خاص عناصر جو کہ زہریلی فنگس پیدا ہونے کی وجہ بنتے ہیں ان میں نمی، درجہ حرارت، بارش، بیماریوں کا اثر، کیڑوں کا اثر اور مٹی کا لگنا شامل ہیں۔

چنائی سورج نکلنے کے بعد کرنی چاہیئے تاکہ اوس سوکھ جائے۔ سکھانے کے دوران مرچوں کو اوس

12۔ علاقے سے مطابقت رکھنے والی جنس کاشت کرنی چاہیئے۔

13۔ باڑے کی کچی یا گیلی کھاد زمین میں ہرگز نہ ڈالنی چاہیئے۔ اس صورت میں دیمک کو بڑھنے کا موقعہ ملے گا اور کھڑی فصل کو نقصان پہنچے گا۔ باڑے کی کھاد کا کمپوسٹ بنا کر استعمال کیا جائے تو زیادہ فائدہ ہوگا۔

14۔ دیمک سے بچنے کیلئے فصل کو سوکھنے نہ دیا جائے۔

اگر مذکورہ باتوں پر عمل کیا جائے تو کیمیائی زہریات کا خرچ بھی بچ سکتا ہے اور پیداوار بھی اچھی مل سکتی ہے۔

لال مرچوں میں زہریلے مادے

افلاٹاکسن کا بڑھنا

افلاٹاکسن (Aflatoxin) ایک زہریلا مادہ ہے۔ یہ مرچوں کی چنائی، سکھانے اور اسٹور کرنے والے مراحل کے دوران پیدا ہوتا ہے جس سے انسانوں اور جانوروں میں جگر کے کینسر

زمین میں زیادہ حملہ کرتی ہے۔ یہ جڑ سے حملہ شروع کر کے پودے کے تنے میں سرنگ بنا کر اس کو نقصان پہنچاتی ہے جس کی وجہ سے پودا سوکھ کر بلکل ختم ہوجاتا ہے اور فی ایکٹر پودے کی تعداد کم ہوجاتی ہے اور پیداوار میں بھی کمی ہوجاتی ہے۔

بچاؤ

500 ملی لیٹر امیڈاکلو پرائڈ پاؤڈر یا ٹیناکل کا محلول بنا کر فی ایکٹر پانی کے ساتھ زمین میں قطرہ قطرہ کر کے کھال میں ڈال دینا چاہئے۔

کیڑوں کے حملے سے بچنے کیلیے عام رواجی یا غیر کیمیائی طریقہ

1۔ اچھے اور صحتمند بیج کا ہونا لازمی ہے۔

2۔ زمین بہتر طریقے سے تیار کرنی چاہیے۔

3۔ کیڑوں اور بیماریوں سے پاک جنس کاشت کرنی چاہیئے۔

4۔ پنیری کی وقت پر منتقلی ضروری ہے۔

5۔ پودوں کی فی ایکٹر تعداد پوری ہونی چاہیئے۔

6۔ گھاس پوس جلدی سے صاف کرنے سے فصل کو زیادہ خوراک ملے گی اور پیداوار میں اضافہ ہوگا۔

7۔ چنائی کے وقت خراب ہونے والی مرچ اچھی اور صحتمند مرچوں میں نہیں ملانی چاہیئں۔

8۔ پانی کا استعمال وقت پر کرنا چاہیئے۔

9۔ حسب ضرورت پانی دینا چاہیئے، نہ کم اور نہ ہی زیادہ۔

10۔ چنائی بھی وقت پر کرنی چاہیئے۔

11۔ کھاد کا استعمال مناسب اور وقت پر کرنا چاہیئے۔ مرچوں میں پوٹاش اور زنک کھادوں کی مجوزہ مقدار استعمال کرنی چاہیئے۔

4۔ تیلیا (Aphid)

یہ کیڑا ہلکا سیاہ اور پیلا مائل ہوتا ہے۔ یہ جسامت میں بہت چھوٹا اور پتوں سے نیچے اور اوپر سے چپکا ہوا ہوتا ہے۔ یہ بھی پروں اور بغیر پروں کے ہوتا ہے۔ حرکت میں بہت سست ہوتا ہے۔ یہ کیڑا سردی میں حملہ کر کے پتوں سے رس چوس کر ان کو کمزور کر دیتا ہے جس کی وجہ سے پودے کو صحیح مقدار میں خوراک نہیں ملتی اور نتیجے کے طور پر وہ کمزور ہو جاتا ہے۔

بچاؤ

ایفڈ (Aphid) پر کنٹرول کیلئے ایڈوانٹیج یا امیڈاکلوپرائیڈ زہر کا اسپرے کرنا چاہیئے۔

چبا کے کھانے والے کیڑے

1۔ کٹ ورم (Cut Worm)

کٹ ورم کیڑا زیادہ تر پنیری کو

نقصان پہنچاتا ہے۔ یہ ہمیشہ رات کے وقت حملہ کرتا ہے اور دن میں زمین کے اندر چھپا رہتا ہے۔ یہ حملہ کر کے پودوں کو درمیاں میں سے کاٹ دیتا ہے۔

بچاؤ

کٹ ورم سے بچاؤ کیلئے کیورا کران سے اسپرے کرتے رہنا چاہیئے۔

2۔ پھل والے کیڑے (Fruit Borer)

پھل والا کیڑا ہلکا پیلا مائل ہوتا ہے جو کہ پھل کے اندر سوراخ کر کے داخل ہو کر نقصان پہنچاتا ہے جس کی وجہ سے پیداوار پر خراب اثر پڑتا ہے۔

بچاؤ

پھل والے کیڑے سے فصل کو بچانے کیلئے سیمی پیراتھرائیڈ گروپ کی ادویات یعنی کیورا کران اور اس سے ملتی جلتی ادویات کا استعمال کرنا چاہیئے۔

3۔ دیمک (White ant)

دیمک رنگ میں ہلکی بھوری ہوتی ہے۔ ایک جگہ پر مل کر رہنا اس کی خاصیت ہے۔ یہ ریتیلی

بہت چست وچالاک ہوتی ہے اور پودے کو تھوڑا ہی چھونے سے اڑنا شروع کر دیتی ہے۔ اس جنس کی بالغ مکھی اور اس کے بچے مل کر فصل کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ فصل کے پتوں سے رس چوس کر اس کو کمزور کر دیتی ہے جس کی وجہ سے پیداوار میں کمی ہو جاتی ہے۔

بچاؤ

سفید مکھی کیلئے پولو یا موونٹو (Movento) اور اوبیرون (Oberon) گروپ سے ملتی جلتی ادویات کا اسپرے کرتے رہنا چاہیئے۔

2۔ تھرپ (Thrips)

یہ بہت نازک اور ہلکے بھورے اور سیاہ رنگ کا کیڑا ہوتا ہے۔

یہ کیڑا پروں اور بغیر پروں والا بھی ہوتا ہے۔ پتوں اور پھولوں کو اس کی حرکت سے نقصان پہنچتا ہے۔ یہ پتوں اور پھولوں سے رس چوس کر پودوں کی افزائش کو روکتا ہے اور کمزور کرتا ہے۔ ان کیڑوں کے حملے کی وجہ سے فصل کی پیداوار کم ہوتی ہے۔

بچاؤ

تھرپ سے بچاؤ کیلئے امیڈا گروپ کی کوئی بھی دوا استعمال کی جاسکتی ہے لیکن امیڈا گروپ کی کنفیڈور یا موسپلان بہتر نتیجہ دینے والی زہر ہیں۔

3۔ جوں (Bud Mite)

یہ کیڑا چمکدار سفید اور جسامت میں بہت چھوٹا ہوتا ہے۔ یہ کیڑا پتوں کی نسوں میں چپٹا ہوا ہوتا ہے اور عام طور پر نظر نہیں آتا۔ اس کو خوردبین کے ذریعے آسانی سے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس کیڑے کے حملے سے پتے سکڑ کر چھوٹے ہو جاتے ہیں اور پودے کو صحیح خوراک نہیں ملتی اور نتیجتاً وہ کمزور رہ جاتا ہے اور پیداوار پر بھی خراب اثر پڑتا ہے۔

بچاؤ

جب پودے چھوٹے ہوں تو ان پر اوبیرون یا پروفینوفاس گروپ کا اسپرے کرنا چاہیئے۔ جب پودے بڑے ہوں یعنی اپنے پتوں سے زمین کو اچھی طرح ڈھاک دیں تو ان کے اوپر پولو گروپ سے ملنے والی ادویات کا اسپرے کرتے رہنا چاہیئے۔ بارش ہونے یا فوارے کے ذریعے پودوں کو دھونے سے بھی ان کے حملے کی شدت کم ہو جاتی ہے۔

مرچ کی فصل کو بیماریوں سے بچانے کیلئے روایتی یا غیر کیمیائی طریقہ

1۔ اچھے اور صحتمند بیج کا ہونا لازم ہے۔
2۔ زمین بہتر طریقے سے تیار کرنی چاہیئے۔
3۔ کیڑوں اور بیماریوں سے پاک جنس بونی چاہیئے۔
4۔ پودوں کی منتقلی والا عمل وقت پر کرنا چاہیئے۔
5۔ پودوں کی فی ایکڑ پیداوار مکمل ہونی چاہیئے۔
6۔ گھاس پوس کو وقت پر نکال کر فصل کو صاف ستھرا رکھنا چاہیئے۔
7۔ خراب مرچ اچھی اور صحتمند مرچوں میں ملانے نہیں چاہئیں۔
8۔ پانی کا استعمال وقت اور ضرورت کے مطابق کرنا چاہیئے۔
9۔ ضرورت کے مطابق پانی دینا چاہیئے نہ کم نہ زیادہ۔
10۔ چنائی بھی وقت پر کرنی چاہیئے۔
11۔ کھاد کا استعمال مناسب اور وقت پر کرنا چاہیئے۔
12۔ علاقے سے مطابقت رکھنے والی جنس بونی چاہیئے۔

اگر مذکورہ نکات پر عمل کیا جائے تو کیمیائی ادویات کا خرچہ بھی بچ سکتا ہے اور پیداوار بھی اچھی مل سکتی ہے۔

13۔ یوریا کھاد کے ساتھ ساتھ فاسفورس، پوٹاش، زنک اور بوران کھاد کا استعمال سفارش کردہ مقدار میں کرنا چاہیئے۔ یوریا کھاد کا استعمال ضرورت سے زیادہ نہیں کرنا چاہیئے۔

مرچوں کے کیڑے اور بچاؤ کے طریقے

مرچوں کی فصل پر جو کیڑے حملہ کرتے ہیں ان میں مرچوں کا چور کیڑا (Cutworm)، سفید مکھی (White Fly)، تھرپ (Thrips)، جوں (Bud Mite)، ایفڈ (Aphid)، پھل والا کیڑا (Fruit Borer)، دیمک (White Ant) شامل ہیں جن کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

1۔ رس چوسنے والے کیڑے۔
2۔ چبا کے کھانے والے کیڑے۔

رس چوسنے والے کیڑے

1۔ سفید مکھی (White Fly)

سفید مکھی جسامت میں بہت چھوٹی ہے اس کا رنگ سفید ہوتا ہے۔ یہ

باڑے کی کھاد سے کمپوسٹ بنانا

باڑے کی کھاد سے کمپوسٹ تیار کرنے کیلئے کھاد کو جمع کریں۔ کھاد کے وزن کا اندازہ کریں اور ای ایم لکوڈ کا ایک لٹر 10 من کھاد کے حساب سے اس پر چھڑکاؤ کریں اور کدال یا بیلچے کی مدد سے الٹ پلٹ کرتے رہیں۔ اے ایم لکوڈ کو پانی میں ملا کر باڑے کی کھاد پر چھڑکاؤ کریں۔

پوری کھاد پر اچھی طرح چھڑکاؤ کرنے کے بعد کھاد کا اونچا ڈھیر بنائیں جس کو اوپر سے لیکر نیچے تک مکمل طور پر تنکوں، کچرے اور کیلے کے پتوں سے ڈھاک دیں۔ اس کے بعد اس کو پلاسٹک کی شیٹوں سے ڈھانک دیں اور اوپر اینٹیں رکھ دیں تاکہ اس سے گیس باہر نہ نکلے۔ ایک ہفتے کے بعد مختلف جگہوں سے ڈھیر کے اندر ہاتھ ڈال کر اس کی حالت کا اندازہ لگائیں۔ اگر کھاد زیادہ گرم ہو تو اس کو دوبارہ الٹیں اور بعد میں اس کو ڈھانک دیں۔ 15 سے 20 دن کے اندر

کمپوسٹ تیار ہو جائے گا جو بعد میں کھیلیوں میں ڈال کر سبزیوں اور دیگر فصلوں کو قدرتی خوراک کے طور پر دیا جا سکتا ہے۔

کمپوسٹ کے فوائد

کمپوسٹ کھاد میں موجود قدرتی خوراک کے اجزا حل ہو کر پودے کیلئے فوری طور پر طاقت پہنچانے والی حالت میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

کمپوسٹ فصل کیلئے بہترین قدرتی خوراک ہے جس میں نائٹروجن، فاسفورس، پوٹاش، زنک، بوران، کیلشم، مینگنیشم، آئرن، کاپر، سلفر اور دیگر خوراک کے اجزا کی طاقت موجود ہے۔

عام تازہ کھاد میں خوراک کے اجزاء فصل کو فوری طاقت پہنچانے کی حالت میں نہیں ہوتے۔ جب کے کمپوسٹ کے استعمال کی صورت میں پودا جلدی اگاؤ کر سکتا ہے۔ عام کھاد میں گھاس پوس کے بیج بھی موجود ہوتے ہیں جو کہ بعد میں گھاس پوس کے مسائل کو فروغ دیتے ہیں۔

عام کھاد میں مختلف بیماریوں خاص طور پر فنگس والی بیماریوں کے اجزا موجود ہوتے ہیں جو کہ بعد میں فصل میں ان بیماریوں کے پھیلنے کا سبب بنتے ہیں۔

4۔ پودے کا سوکھنا (Root Rot)

یہ 25 بیماری سے 30 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت اور 60 سے 70 فیصد نمی والے موسم میں پھیلتی ہے۔ یہ بیماری کاشت سے لیکر فصل کے پکنے تک کبھی بھی حملہ کر سکتی ہے۔ اس بیماری کا حملہ جڑ سے شروع ہوتا ہے جو اس پر بھورے رنگ کی صورت میں نظر آتا ہے اور پھر جڑ کا رنگ سیاہ ہو جاتا ہے۔ یہ بیماری بہت جلد بڑھتی ہے اور چند ہی گھنٹوں میں پتہ ختم ہو جاتا ہے۔ یہ بیماری اگر بڑی فصل پر حملہ کرے گی تو پوری فصل کچھ ہی دنوں کے اندر ختم ہو جاتی ہے۔

بچاؤ

بیج بونے کے وقت فی کلوگرام بیج کو 4 گرام ریڈومل گولڈ یا ایلیٹ (Aliette) ملا کر بونا چاہیئے۔ جب بیماری پتوں پر حملہ کرے تو 10 لٹر پانی میں 5 گرام ریڈومل یا ایلیٹ ملا کر کیاریوں میں اچھی طرح سے ہفتے کے وقفے سے اسپرے کرنا چاہیئے اور اگر بڑی فصل کے کسی پتے پر اس بیماری کا حملہ دیکھنے میں آئے تو ریڈومل گولڈ ایلیٹ کا محلول بنا کر پودے کی جڑوں کے کناروں سے اسپرے کرنا چاہیئے تا کہ وہ آگے نہ بڑھے۔

5۔ لیف کرل/موزیک (Leaf Curl Virus)

لیف کرل/موزیک وائرس متاثرہ فصل کا بیج استعمال کرنے سے بڑھتا ہے۔ اس بیماری کو پھیلانے میں تھرپس اور بڈمائیٹ مدد دیتے ہیں۔ متاثر زدہ فصل کے پودے چھوٹے رہ جاتے ہیں۔ شروع میں پتوں پر ہلکے پیلے رنگ کی لکیریں نظر آتی ہیں۔ شاخیں کم نکلتی ہیں اور کھلے ہوئے پھول گرنا شروع ہو جاتے ہیں اور جو بھی مرچ نکلتی ہے اس کی افزائش کا عمل بند ہو جاتا ہے۔ اس بیماری کی صورت میں پودے کے کافی پتے جھڑ جاتے ہیں اور شاخیں خالی نظر آتی ہیں۔

بچاؤ

متاثرہ پودے کو نکال کر ان کو جلا دینا چاہیئے تا کہ بڈمائیٹ اور تھرپس پر کنٹرول ہو سکے۔ متاثر پودے نظر آتے ہی ریڈومل گولڈ یا اسکوردوا کا اسپرے کرنا چاہیئے۔ مرچ کی فصل ٹماٹر اور بینگن والی زمین میں نہیں لگانی چاہیئے جبکہ بیج بھی صحتمند استعمال کرنا چاہیئے۔

پر بھی حملہ ہوتا ہے اور ساتھ ساتھ پھولوں پر بھی حملہ ہوتا ہے جس سے پھول جھڑ جاتے ہیں اور پیداوار پر بھی خراب اثر پڑتا ہے۔

بچاؤ

اس بیماری سے بچنے کیلئے صحتمند بیج کا ہونا ضروری ہے۔ حملے کی صورت میں ڈائی تھیان ایم45 یا منکوزیب(Mancozeb)500 گرام100 لٹر پانی میں ملا کر فی ایکڑ ہر ہفتے اسپرے کرتے رہنا چاہیئے اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھنا چاہیئے جب تک یہ بیماری ختم نہ ہو۔

2۔بھوری پھپھوندی(Downy Midlew)

اس بیماری میں پتوں پر بھورے رنگ کے داغ بننے شروع ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے پرانے پتے جھڑ جاتے ہیں اور نئے پتے نکلتے ہیں۔ یہ بیماری نئے پتوں اور پھولوں پر بھی حملہ کرتی ہے جس کی وجہ سے پھول بھی جھڑنا شروع ہوجاتے ہیں اور فصل پر خراب اثر پڑتا ہے۔

بچاؤ

اس بیماری سے بچنے کیلئے صحتمند بیج کا ہونا ضروری ہے۔ حملے کی صورت میں ڈائی تھیان ایم45

منکوزیب(Mancozeb) یا اینٹراکول (Antracol)500 گرام100 لٹر پانی میں ملا کر فی ایکڑ فصل پر ہفتے میں ایک بار اسپرے کرتے رہنا چاہیئے اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک یہ بیماری ختم نہ ہو۔

3۔ڈائی بیک(Die Back)

یہ بیماری 25 سے 30 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت اور 60 سے70 فیصد نمی والے موسم میں بڑھتی ہے۔ سب سے پہلے پودے کی کونپلیں اور کچے پتے متاثر ہوتے ہیں اور پھر نچلے تنوں کی شاخیں اور پتے۔اس بیماری کی وجہ سے مرچ بھی متاثر ہوتی ہیں جو بعد میں جھڑ جاتی ہیں جس سے فصل کی پیداوار پر منفی اثر پڑتا ہے۔

بچاؤ

بیماری سے پاک وصاف اور صحتمند بیج استعمال کرنا چاہیئے ۔ حملے کی صورت میں500 گرام ریڈومل گولڈ یا 500 گرام اینٹراکول100 لٹر پانی میں ملا کر فی ایکڑ فصل پر ہر ہفتے اسپرے کرنا چاہیئے اور تب تک کرتے رہیں جب تک بیماری کا خاتمہ نہیں ہوتا۔

وقت مرچوں کے اوپر ڈیو پوائنٹ شیٹ بچھائی جائے تا کہ مرچوں پر اوس کا اثر نہ ہو اور سورج نکلنے کے بعد مطلب جب اوس ختم ہو جائے تو اس شیٹ کو اتارنا چاہیئے اور ہر دوسرے تیسرے دن لکڑی کی مدد سے مرچوں کو الٹ پلٹ کرتے رہنا چاہیئے تا کہ وہ جلد سوکھ جائیں۔ جب مرچ سوکھ جائیں تو ان میں سے سیاہ سفید اور بھورے رنگ کے خراب دانے الگ کر کے باقی مرچوں کو صاف ستھری بوریوں میں بھرنا چاہیئے۔ ایسا کرنے سے مرچ افلاٹاکسن بیماری سے محفوظ رہیں گی۔ بوریاں سُتلی کے دھاگے والی استعمال کرنی چاہئیں اور پلاسٹک والے توڑوں سے گریز کرنا چاہیئے۔ ان میں ہوا کا گذر نہ ہونے کی وجہ سے مرچ خراب ہوگی اور افلاٹاکسن کے بڑھنے کا اندیشہ بھی رہے گا۔

مرچوں کی بیماریاں اور ان سے بچاؤ کے طریقے

مرچوں پر جو بیماریاں حملہ کرتی ہیں ان مین سفید پھپھوندی (Powdry Midlew) بھوری پھپھوندی (Downy Midlew)، ڈائی بیک (Die Back)، پودے کا سوکھنا یا سڑ جانا (Root Rot)، لیف کرل/موزیک (Leaf Curl Virus) شامل ہیں۔

1۔ سفید پھپھوندی (Powdry Midlew)



اس بیماری میں پہلے پتوں پر بھورے رنگ کے داغ بننے شروع ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے پرانے پتے گر جاتے ہیں اور جب نئے پتے نکلتے ہیں تو ان

پلاسٹک والے برتنوں یا تھیلیوں میں رکھنے سے مرچ خراب ہونا شروع ہوجاتی ہیں۔ تیار مرچ ہمیشہ ٹوکروں میں رکھنی چاہیئں تا کہ ان کو ہوا وغیرہ لگتی رہے۔ ایسا کرنے سے مرچ خراب ہونے کا اندیشہ نہیں رہتا۔

مرچ سکھانے کا پرانا اور غلط طریقہ

کسی اوپر والی جگہ پر جھاڑ ودے کر کھلیاں بنا کر وہاں مرچ پھیلا دینی چاہیئے ۔ان کو اس طرح پھیلا دینا چاہیئے کہ ان کی تہہ تین سے چار انچ تک رہے۔ ڈھیر کی صورت میں مرچ سکھانے سے نیچے والی مرچ خراب ہو جاتی ہیں۔

سکھانے کی غرض سے مرچ پھیلانے کے وقت احتیاط سے کام لینا چاہیئے تا کہ کسی بھی مرچ کے اوپر پیر نہ آئے کیونکہ ایسا ہونے کی صورت میں مرچ ٹوٹ جاتی ہیں۔ ٹوٹی ہوئی مرچ جب

صاف جگہ پر بچھائی جاتی ہیں تو زمین اور ہوا سے افلاٹاکسن بیماری کے جراثیم نمی کی موجودگی میں ان پر حملہ کرتے ہیں۔ اس طرح کے حملے سے مرچوں میں افلاٹاکسن بیماری پیدا ہوتی ہے۔ یہ بیماری اتنی خطرناک ہے کہ جیسے ہی مرچ انسانوں اور جانوروں کے پیٹ میں جاتی ہے تو اس سے جگر اور گردے متاثر ہوتے ہیں۔ یہ مرچ انسانی صحت کیلیے نقصاندہ ہے اس لیے یہ یورپ اور امریکہ برآمد نہیں کی جاسکتی۔

مرچ سکھانے کا جدید طریقہ

آج کل مرچ جیوٹیکسٹائل شیٹ پر سکھائے جاتے ہیں۔ یہ شیٹ 150 فٹ لمبی اور 13 فٹ چوڑی ہوتی ہے۔ اس شیٹ پر مرچ سکھانے کا طریقہ یہ ہے کہ شیٹ کو اینٹوں یا سیمنٹ کے

بلاکوں پر بچھائیں تا کہ وہ زمین سے نہ لگے۔ اس طرح کرنے سے مرچ مٹی سے محفوظ رہتی ہیں۔ شیٹ پر مرچ اس طرح بچھانی چاہیئں کہ مرچوں کے اوپر مرچ نہ چڑھ جائیں اور شام کے

دیمک کے کیڑے بھی فصل کو زیادہ نقصان پہنچاتے ہیں جس سے بچنے کیلئے امیڈا کلوپراڈ یا ٹیناکل کو پانی میں حل کر کے، محلول کسی بوتل میں ڈال کر واٹر کورس کے منہ میں ملایا جائے تا کہ زہر پورے ایکڑ میں پھیل جائے۔ اس عمل سے دیمک کے کیڑے مر جائیں گے اور فصل کا نقصان کم ہوگا۔

کیمیائی کھاد دینے کا وقت اور مقدار

کھاد دینے کا وقت	مقدار فی ایکڑ کے حساب سے					
	بوران	زنگرو	یوریا	نائٹروفاس	ڈی اے پی	سلفیٹ آف پوٹاش یا میورائٹ آف پوٹاش
کھیلیاں بنانے سے پہلے					ڈیڑھ بوری	ایک بوری
کاشت سے 15 دن بعد	ایک بوری	دو بوریاں	آدھی بوری	ایک بوری		
پھول نکلنے وقت			آدھی بوری	ایک بوری		ایک بوری
مرچ نکلنے کے وقت			ایک بوری		ڈیڑھ بوری	ڈیڑھ بوری
پہلی چنائی کے وقت			ایک بوری			
اس کے بعد مہینے میں ایک بار			آدھی بوری		آدھی بوری	

ڈی اے پی نائٹروفاس اور پوٹاش کی جگہ زرخیز کھاد کھیلیاں بنانے سے قبل دو بوریاں اور اس کے بعد ایک بوری ہر ماہ فصل میں ڈال کر اچھی پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔

کھاد دینے کے طریقے

1۔ ڈی اے پی اور سلفیٹ آف پوٹاش یا میورائٹ آف پوٹاش یا زرخیز

کھیلیاں بنانے سے قبل یہ کھادیں ملا کر اس کا ایک ایکڑ میں چھڑکاؤ کیا جائے۔ بعد میں ان کو کلٹیویٹر کے ذریعے زمین میں ملانے کے بعد کھیلیاں بنائی جائیں تا کہ یہ کھاد کھیلیوں تک پہنچے اور فصل کی جڑ کو صحیح طریقے سے طاقت ملے۔

2۔ نائٹروفاس اور یوریا

یہ کھاد فصل کو پانی دے کر کھیلیوں کو کناروں سے دی جائے تا کہ جڑوں کو جلد خوراک مل سکے۔

مرچوں کی چنائی

لال مرچ کیلئے ضروری ہے کہ وہ قسم (Variety) کے مطابق جسامت اور نشوونما کرے۔ یہ ہرے رنگ سے آہستہ آہستہ سرخ ہوتی ہے اور پھر اس کا رنگ گہرا سرخ ہو جاتا ہے۔ گہرا رنگ ہونے پر مرچوں کی چنائی کرنی چاہیئے۔ جیسے جیسے مرچ تیار ہوتی جائیں ان کی چنائی جاری رکھنی چاہیئے۔ تیار مرچوں کی جتنی جلدی چنائی کی جائے اتنی ہی پیداوار بڑھے گی۔ تیار مرچوں کی چنائی جلد نہ کرنے سے پکی ہوئی مرچ گر کر خراب ہو جائیں گی اور پیداوار میں کمی ہوگی۔ اس کے علاوہ مرچوں کا معیار بھی کم ہو جاتا ہے۔ مرچ کی چنائی ہمیشہ اوس سوکھنے کے بعد کرنی چاہیئے۔ چنائی کی ہوئی مرچ پلاسٹک کے برتنوں یا تھیلیوں میں رکھنے سے گریز کرنا چاہیئے کیونکہ

پانی دینے کا طریقہ

پانی ہر ہفتے مگر تھوڑے مقدار میں دینا چاہیئے تا کہ پودوں کو نمی مل سکے۔ پانی اس طرح دینا چاہیئے کہ ایک کیاری سے دوسری کیاری میں نا جا سکے۔ پودے کے تنے کو پانی لگنے سے بیماریاں خاص طور پہ روٹ راٹ لگ سکتی ہے۔

گوڈی اور مٹی چڑھانے کا طریقہ

مرچ لگانے کے بعد زمین کو پانی دیا جاتا ہے تو دراڑیں پڑ جاتی ہیں جن کو جلد از جلد بھرنا چاہیئے

تا کہ پانی دیر سے ملنے کے باوجود چھوٹے پودے بچ سکیں۔ دوسری اہم بات یہ کہ گوڈی پودے نکلتے ہی کرنی چاہیئے۔ یہ عمل فصل کے پکنے تک ضرورت کے مطابق جاری رکھنا چاہیئے۔ پھول نکلنے کے وقت پودے جب اچھی طرح بڑھ رہے ہوں تو ان کی جڑوں میں ہلکی مٹی دینی چاہیئے۔ جب پودے اچھا خاصہ قد کر لیں اور مرچ پیدا ہونا شروع ہوں تو اس وقت اچھی طرح مٹی چڑھانی چاہیئے تا کہ پودے ہوا کی وجہ سے گر نہ سکیں۔

کیڑے اور ان سے بچاؤ کا طریقہ/علاج

مرچ کے پودوں پر تھرپس، بڈمائیٹ، سفید مکھی، جیسڈ، ایفڈ اور دیمک کا حملہ ہوتا ہے۔ تھرپس اور بڈمائیٹ کا حملہ شروع میں ہی ہوتا ہے اس لئے کیوراکران اور کونفیڈور کو ملا کر اسپرے کرنا چاہیئے۔ سفید مکھی اور جسڈ کا حملہ پھول نکلنے سے لیکر آخر تک ہوتا ہے اور ساتھ ساتھ بڈمائیٹ اور

تھرپس کا حملہ بھی ہوتا ہے جس کو روکنے کیلئے پولو اور کونفیڈور کو ملا کر اسپرے کرنا چاہیئے۔ ایفڈ کا حملہ سردی شروع ہونے سے ہوتا ہے جس سے بچاؤ کیلئے ایڈوانٹیج کا اسپرے کرنا چاہیئے۔

کرنے کے بعد اسے ایک ایکڑ میں چھڑک کے اوپر ایک ہل کلٹیویٹر کا دے کر تمام کھاد زمین میں ملا کر اور پھر بڑے کانوں والے ہل سے کھیلیاں بنانی چاہیں۔ جو کہ ایک دوسرے سے 3 فٹ کے فاصلے پر ہونی چاہیئں۔ کھیلیاں بن جانے کے بعد ایک ایکڑ میں 4 پلاٹ بنانے چاہئیں۔ چھوٹے پلاٹ بنانے سے پانی صحیح طریقے سے کھیلیوں میں پہنچے گا اور پانی کی بچت بھی ہوگی اور اگر کسی پلاٹ میں روٹ راٹ یا کوئی اور بیماری ظاہر ہو تو اس بیماری کا اثر دوسرے پلاٹ تک نہیں پہنچے گا۔

پنیری بونے کا طریقہ

پنیری کی منتقلی ہمیشہ شام کے وقت کرنی چاہیئے۔ بونے کے وقت دس لیٹر پانی میں 5 گرام ریڈومل اور 250 گرام زنگرو ملا کر محلول بنا کر پنیری کو محلول میں ڈبو کر بونا چاہیئے۔ بونے کے وقت

محلول گاڑھا لگانا چاہیئے تا کہ پانی کم ملنے کی صورت میں کچھ پودے سوکھ جائیں تو دوبارہ پنیری

کی منتقلی کرنی نہ پڑے۔ جب پودے پھوٹنا شروع ہوں تو پودے کا پودے سے فاصلہ دو سے ڈھائی فٹ رکھنا چاہیئے تا کہ ان کی بہتر افزائش ہو سکے۔

فصل کو خشک سالی سے بچانے کے طریقے

جہاں پانی دیر سے ملتا ہو اور اوپر سے وارابندی ہو، ایسی زمینوں میں مرچ کی فصل جب پودے والے مرحلے میں داخل ہو تو پودوں کی جڑیں جلد ہی ٹھنڈی مٹی سے ڈھانپنی چاہئیں اور زمین

میں پیدا ہونے والی چھوٹی و بڑی دراڑیں مٹی سے بھرنی چاہیئں۔ ایسا کرنے سے زمین میں نمی برقرار رہے گی اور پودے جلنے سے محفوظ رہیں گے۔ پانی اور بھی دیر سے ملے تو شام کے وقت پودوں پر فوارے سے چھڑکاؤ کرنا چاہیئے تا کہ پودوں کو کچھ نمی مل سکے۔ ایسا کرنے سے پودوں کو زیادہ عرصے تک بچایا جا سکتا ہے۔

2۔ کیاریاں بنا کر بیج بونا

4 سے 6 فٹ کی کیاریاں بنا کر ان کو پانی دینا چاہیے۔ جب پانی جذب ہو جائے تو ان پر بیج کا چھڑکاؤ کر کے اوپر ریت کی ہلکی تہہ دینے کے بعد بھوسے کی تہہ دے کر فوارے سے صبح شام پانی

دینا چاہیئے۔ جب بیج باہر نکل آئے تو ہر دوسرے دن پھوارہ کرنا چاہیئے تا کہ کیاری میں ہلکی نمی موجود رہے۔

3۔ کھیلیوں میں بیج بونا

حسبِ ضرورت کھیلیاں بنا کر ان کو پانی دیکر دونوں اطراف بیج بونا چاہیئے۔ بیج پانی کی سطح سے ایک انچ اوپر سوکھی مٹی میں لگانا چاہیئے تا کہ اس کو محض نمی پہنچے۔ ضرورت کے مطابق کھیلیوں میں پانی دیتے رہنا چاہیئے۔ پانی ہمیشہ اتنا دینا چاہیئے جس سے بویا ہوا بیج نمی میں ہی رہے۔

بیج کو بیماری مثلاً روٹ راٹ سے بچانے کیلئے (بیج) بونے کے وقت ایک کلو بیج میں 4 سے 5 گرام ریڈومل ملا کر کر بونا چاہیئے۔ اگر کسی کیاری میں یہ بیماری نظر آئے تو پانی والے فوارے میں 2 گرام ریڈومل ملانے کے بعد فوارے کو پانی سے بھر کر بیمار زدہ کیاری میں چھڑکاؤ کرنا چاہیئے تا کہ بیماری زیادہ نہ پھیلے۔ تیار پنیری لگانے کے وقت 4 سے 5 گرام ریڈومل کا 10 لٹر پانی میں محلول بنا کر پنیری کو اس میں ڈبو دیں اور پھر لگائیں۔ ایسا کرنے سے مرچوں کو روٹ راٹ اور دیگر بیماریوں سے بچایا جا سکتا ہے۔

زمین کی تیاری

گوبل کا ایک ہل دینے کے بعد اس کے اوپر ایک چیزل کا ہل دینا چاہیئے جس کے بعد اس کے اوپر روٹا ویٹر چلایا جائے تا کہ ڈیلے وغیرہ ٹوٹ جائیں اور پھر زمین کو اچھی طرح ہموار کر کے



ڈیڑھ بوری DAP، ڈیڑھ بوری SOP یا MOP اور ایک پیکٹ سیور (یعنی 5 کلوگرام) مکس

مرچوں کا اچھا بیج اور فی ایکٹر پیداوار

اچھا بیج حاصل کرنے کیلیے کھڑی فصل سے بیماری سے پاک صحت مند وصاف اور زیادہ پیداوار دینے والے پودوں کا انتخاب کر کے ان میں سے مرچوں کی پکی ہوئی پھلیاں چنی جائیں۔ یہ

پھلیاں کسی صاف جگہ پر اچھی طرح سُکھانے کے بعد کسی کپڑے والے تھیلے میں رکھنی چاہئیں بیج بونے کے وقت پھران کو نکال کر کسی صاف کپڑے پر پھیلا کر ان میں سے چھوٹی سائز والی مرچ اور سفید سیاہ یا پیلی مرچ نکال کر الگ کر لی جائیں۔ جس کے بعد صاف ستھری مرچ کوٹ کر، چھلکے الگ کر کے بیج کو کیاریوں یا کھیلیوں میں لگانا چاہیئے۔

اگر بیج کیاریوں میں بونا ہے تو فی ایکٹر کیلیے 500 سے 700 گرام بیج کافی ہے اور اگر

کھیلیوں پر چوپے لگانے ہیں تو اس کیلیے 2 سے 3 کلوگرام فی ایکٹر بیج کافی ہے۔

بیج بونے کے طریقے

مرچوں کے بیج تین طریقوں سے بوئے جاتے ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ پٹڑیاں بنا کر بیج بونا (Raise Bed)

بیج بونے کیلیئے چار فٹ چوڑی اور آٹھ فٹ لمبی پٹڑیاں بنا کر ہر ایک پٹڑی کے اوپر ایک سے ڈیڑھ انچ کے فاصلے پر لائین بنا کر آدھے آدھے انچ پر ان لائینوں میں بیج رکھ کر اس پر ریت کی

تہہ بنا کر اور بھوسے کی تہہ دی جائے۔ پھر پھوارے کے ذریعے صبح وشام (دو مرتبہ) پانی دینا چاہیے۔ جب بیج پھوٹنا شروع کرے تو صرف شام کے وقت پھوارے کے ذریعے تھوڑا پانی دینا چاہیے۔

پھلیاں اوپر کی طرف اور گچھوں کی صورت میں ہوتی ہیں اور بیج سے بھری ہوئی ہوتی ہیں۔ یہ مرچ ہری اور سوکھی ہوئی دونوں صورتوں میں استعمال ہوتی ہے۔ ہری مرچ کی اوسط پیداوار 200 سے 250 من فی ایکٹر ہے جبکہ سوکھی مرچ کی اوسط پیداوار 25 سے 30 من فی ایکٹر ہے۔

ہاٹ پیپر: یہ بھی کوریا کی قسم ہے اور اس کو بھی حاجی اینڈ سنز کمپنی نے سندھ میں متعارف کروایا ہے۔ یہ قسم سلاد اور اچار کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہے اور اس قسم کی اوسط پیداوار 200 سے 225 فی ایکٹر ہے۔

مرچوں کی مختلف اجناس بیج بونے اور رونبو کرنے کیلئے
مختلف علاقوں میں مختلف موسم یا وقت ہوتا ہے۔

مرچوں کی اجناس کی علاقے اور موسم کے مطابق پنیری بونے اور ان کی منتقلی کا چارٹ

نمبر	جنس	پنیری بونے کا وقت	پنیری کی منتقلی کا وقت	علاقہ
1.	کوری-ون	فروری-مارچ	مارچ-اپریل	عمرکوٹ، میرپورخاص، سانگھڑ اور بدین
2.	نگینہ	فروری-مارچ	مارچ-اپریل	عمرکوٹ، میرپورخاص، سانگھڑ اور بدین
3.	میکسی	فروری-مارچ	مارچ-اپریل	عمرکوٹ، میرپورخاص، سانگھڑ اور بدین
4.	لمبی گول (ٹال راؤنڈ)	فروری-مارچ	مارچ-اپریل	عمرکوٹ، میرپورخاص، سانگھڑ اور بدین
5.	لمبی گول (ٹال راؤنڈ) گھوٹکی	فروری-مارچ	مارچ-اپریل	عمرکوٹ، میرپورخاص، سانگھڑ اور بدین
6.	گھوٹکی	دسمبر-جنوری	مارچ-اپریل	خیرپور، گھوٹکی، کوٹڑی، شکارپور اور حیدرآباد
7.	تلہاری	جولائی-اگست	اگست-ستمبر	ٹنڈو محمد خان، ماتلی اور بدین
8.	صنم	فروری-مارچ	مارچ-اپریل	سانگھڑ، حیدرآباد، کوٹڑی، عمرکوٹ اور کراچی
9.	ہائبرڈ P-6	دسمبر-جنوری	فروری-مارچ	پورا سندھ
10.	ہائبرڈ Sky Red	دسمبر-جنوری	فروری-مارچ	پورا سندھ
11.	ہاٹ پیپر	دسمبر-جنوری	فروری-مارچ	پورا سندھ

لمبی پھلیوں والی مرچ

گھوٹکی: یہ قسم پرانی ہے اور سندھ کے شمالی علاقوں میں کاشت کی جاتی ہے۔ اس قسم کی مرچ کا زیادہ استعمال سبزی اور اچار کے طور پر ہوتا ہے۔ اس کی اوسط پیداوار 60 سے 70 من فی ایکڑ ہے اور سوکھی ہوئی مرچ کی اوسط پیداوار 12 سے 15 من فی ایکڑ ہے۔

تلہاری: یہ قسم بھی کافی پرانی ہے اور زیادہ تر سردی کے موسم میں سندھ کے لاڑ والے علاقے میں ہوتی ہے۔ اس قسم کی اوسط پیداوار 100 سے 125 من فی ایکڑ ہے۔ اور سوکھی ہوتی مرچ کی اوسط پیداوار 15 سے 25 من فی ایکڑ ہے۔

صنم: مرچ کی یہ قسم ہندوستانی ہے جو لمبائی میں درمیانی قسم کی اور بیج سے بھری ہوئی ہوتی ہے۔ اس جنس کو سکھا کے مصالحے دار

سالن اور سبزیوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس قسم کی سوکھی مرچ کی اوسط پیداوار 20 سے 25 من فی ایکڑ ہے۔

ہائبرڈ (Hybrid Chili) اقسام

پی - 6: یہ قسم سنجینٹا (Syngenta) کمپنی کی جانب سے متعارف کروائی گئی ہے۔ جس کی مرچ بڑی اور گہرے ہرے رنگ کی ہوتی ہیں۔ اس قسم کے مرچوں میں بیج بہت کم ہوتا ہے۔ یہ قسم سلاد کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ اس کا اچار بھی بنایا جاتا ہے۔ اس قسم کی ہری مرچ کی اوسط پیداوار 150 سے 200 من فی ایکڑ ہے۔

اسکائی ریڈ: یہ قسم کوریا کی ہے جسکو سندھ میں حاجی اینڈ سنز کمپنی کی طرف سے متعارف کرایا گیا ہے۔ اس قسم کی مرچوں کی

گئی۔ یہ قسم نوکدار بیج سے بھری ہوئی اور چمکیلی ہے۔اس قسم کا پاؤڈر گاڑھا سرخ ہوتا ہے۔اس کی اوسط پیداوار 40 سے 50 من فی ایکڑ ہے۔

نگینہ: یہ قسم بھی 2008ء میں مرچوں کے تحقیقی ادارے کنری کی جانب سے متعارف کروائی گئی۔اس قسم کی مرچ کنری ون قسم سے قدرے چھوٹی ہوتی ہے اور یہ بھی بیج سے بھری ہوئی اور سرخ رنگ کی ہوتی ہے۔اس کا پاؤڈر تیز سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔اس قسم کی اوسط 35 سے 40 ایکڑ فی من ہے۔یہ جنس Root Rot روٹ راٹ بیماری سے 70 فیصد مدافعت والی ہے۔

میکسی: یہ قسم کافی پرانی ہے۔اس کی مرچ تو بڑی ہوتی ہے لیکن ان میں بیج کی مقدار کم ہوتی ہے۔یہ قسم سوکھنے کے بعد بہت ہلکی ہو جاتی ہے۔اس کی اوسط پیداوار 25 سے 30 من فی ایکڑ ہے۔

لمبی گول (ٹال راؤنڈ):

یہ قسم بھی پرانی ہے۔اس کے پودے لمبے اور مرچ (پھلیاں) اوپر سے گول اور بیج سے بھری ہوئی ہوتی ہیں۔اس قسم کی فصل دیر سے تیار ہوتی ہے۔اس کی اوسط پیداوار 28 سے 32 من فی ایکڑ ہے۔

لمبی نوکدار (ٹال پوائنیڈ):

یہ قسم بھی پرانی ہے۔اس کی مرچ نوکدار اور سرخ ہوتی ہے۔ان کے پودے قدآور ہوتے ہیں۔اس قسم کی اوسط پیداوار 25 سے 28 من فی ایکڑ ہے۔

وٹامن C: یہ زخموں کو صحیح ہونے میں مدد دیتا ہے، خیالات کو منتشر ہونے سے بچاتا ہے، دانتوں کو صحت مند رکھتا ہے اور ان کا تحفظ کرتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ جسم کے نظام مدافعت کو مضبوط بناتا ہے اور جسم میں آئرن بنانے میں مدد دیتا ہے۔

وٹامن E: یہ خون کے نظامِ گردش کو طاقتور بناتا ہے اور چوٹ لگنے کے بعد خون کے جم جانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ خواتین میں حیض کی تکلیف اور سینے کے کینسر کیلئے مفید ہے۔

وٹامن P: یہ خون میں کولسٹرول کی مقدار کم کرنے میں مدد دیتا ہے، کمر کے درد کیلئے مفید ہے اور خون کی رگوں کو بند ہونے سے روکتا ہے۔

مرچوں کی کاشت کیلئے مناسب آب وہوا

مرچ گرم آب وہوا کے علاقے کی فصل ہے۔ اس فصل کی بہتر افزائش کیلئے کم سے کم درمیانے درجے کے درجہ حرارت کا ہونا لازمی ہے۔ مرچ کی فصل نمی اور ٹھنڈی آب وہوا میں نشوونما نہیں پاتی۔ زیادہ سردی کی صورت میں پودوں کی افزائش رک جاتی ہے جس سے انہیں بیماری لگنے کا خطرہ بھی لاحق رہتا ہے۔ مرچ کی فصل کی بہتر افزائش کیلئے درجہ حرارت 22 سے 28 سنٹی گریڈ ہونا چاہیے۔

زمین کا انتخاب

مرچ میرا زمین میں کاشت کرنی چاہیئے کیونکہ اس قسم کی زمین میں پانی جذب کرنے کی خاصیت زیادہ ہوتی ہے۔ مرچ سیم اور تھور زدہ زمین کے علاوہ ہر قسم کی زمین میں کاشت کی جا سکتی ہیں۔

مرچوں کی اجناس اور اوسط پیداوار

1۔ لونگی (ڈنڈی کٹ)

کنری ون، نگینہ، میکسی لمبی گول (ٹال راؤنڈ)، لمبی نوک دار (ٹال پوائنیٹڈ)

2۔ لمبی پھلیوں والی مرچ

گھونگی، تلہار، صنم

3۔ ہائبرڈ اجناس

پی-6، اسکائی ریڈ، ہاٹ پیپر

لونگی (ڈنڈی کٹ)

کنری ون: یہ قسم 2010ء میں مرچوں کے تحقیقی ادارے کنری کی جانب سے متعارف

(Peru) میں ملے آثاروں سے پتہ چلتا ہے کہ 500 سال قبل مسیح میں ان علاقوں کے باشندوں نے مرچوں کا استعمال شروع کردیا تھا۔ ماہروں کے مطابق امریکی آبادگار دوسری فصلوں کے ساتھ ساتھ مرچ بھی کاشت کرتے تھے جس کی وجہ سے براعظم امریکہ میں مرچ اپنے ذائقوں کی وجہ سے مشہور تھی۔ پندرھویں صدی میں پرتگالیوں اور ہسپانیوں نے براعظم جنوبی افریقہ پر قبضے کے بعد مرچ کی کاشت کو زیادہ ممالک تک پھیلایا۔ 1492ء میں کرسٹوفر کولمبس اپنے دوسرے سفر کے اختتام پر جب یورپ پہنچا تو اس نے وہاں مرچوں کو چلی پیپر (Chile Pepper) کے نام سے متعارف کرایا۔ اور اس طرح آدھی صدی کے اندر مرچ کی کاشت امریکہ اور یورپ سے ہوتی ہوئی دنیا کے کئی ممالک میں عام ہوگئی۔

سولویں صدی کے آخر میں 1584ء میں جب پرتگالی اور ہسپانوی برازیل سے نکل کر ہندستان آئے تو اپنے ساتھ مرچ بھی لے کر آئے اور انہوں نے مرچوں کو برصغیر میں متعارف کروایا۔ مرچوں نے کچھ ہی عرصے میں اپنے اچھے ذائقے کی وجہ سے بہت زیادہ مقبولیت حاصل کرلی اور تیزی سے آگے بڑھتی ہوئی براعظم ایشیا کے مزید ممالک میں پھیل گئی آبادگاروں نے دوسری فصلوں کے ساتھ ساتھ مرچوں کی کاشت پر بھی زیادہ توجہ دینی شروع کردی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اب مرچوں کی سب سے اچھی اجناس زیادہ مقدار میں ایشیا میں موجود ہیں۔

مرچ کے استعمال کے فوائد

قدیم ہسپانیوں اور امریکیوں کے مطابق مرچوں میں ادویات کی خصوصیات موجود ہیں۔ جب کہ جدید تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ مرچوں میں وٹامن A,B1, B2, B3, C, E اور P موجود ہیں جن کے مندرجہ ذیل فوائد ہیں۔

وٹامن A: یہ وٹامن روشنی کے کم یا زیادہ ہونے پر آنکھوں کو مطابق رکھنے میں مدد دیتا ہے اور جلد کو نرم رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

وٹامن B1: یہ خون میں موجود شوگر کو توانائی میں تبدیل کرتا ہے اور نظام ہاضمہ کیلیے بہتر ہے۔

وٹامن B2: یہ B کمپلیکس وٹامن سے مل کر کاربوہائیڈریٹ، پروٹین اور فیٹ کیلوریز (Calories) بنانے میں مدد کرتا ہے اور جسم کی نشوونما اور خون کے سرخ اجزاء بڑھانے میں مدد دیتا ہے۔

وٹامن B3: یہ کاربوہائیڈریٹ، پروٹین اور چربی سے کیلوریز بنانے میں مدد دیتا ہے۔ اس کے علاوہ نظام ہاضمہ کیلیے ضروری ہے۔

میں شامل ہمارے ساتھیوں سروان بلوچ اور شوکت آرائیں کی کاوشیں بھی شامل ہیں جس کیلئے میں ان کا مشکور ہوں۔ اس کے علاوہ سافکو کے ساتھیوں تنویر سومرو اور احمد سولنگی کا بھی شکریہ جنہوں نے اس کتابچے کو خوبصورت انداز میں ڈزائین اور کمپوز کیا۔

ہمیں امید ہے کہ یہ اشاعت کسان اور آبادگار بھائیوں کی معلومات میں ضرور اضافہ کرے گی اور اس کی بنا پر وہ زیادہ اور بہتر پیداوار حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکیں گے۔

حیدرآباد

جون 2014ء

سلیمان جی ابڑو

بانی و سربراہ

سافکو

مرچ کے پودے کا مختصر تعارف

مرچ کے پودے کی دو اقسام ہوتی ہیں جن کو کیپسیکم اینم (Capsicum Annuum) اور کیپسیکم فروٹیسنس (Capsicum Frutescens) کہا جاتا ہے جو پودے کے خاندان سولینیشس (Solanaceous) سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان پودوں میں پیدا ہونے والی مرچ اپنے تیزابی ذائقے اور رنگ کی وجہ سے بہت مشہور ہیں۔ یہ پودے ایک سے ڈیڑھ میٹر تک بڑے ہوتے ہیں اور ان کے پھولوں کا رنگ سفید اور گہرا ہرا ہوتا ہے۔ لمبی اور ہری مرچ سندھ کے جنوبی علاقے میں ربیع کے موسم میں کاشت کی جاتی ہیں۔

مرچ ہر گھر میں روزمرہ کے کھانوں میں زیادہ استعمال ہوتی ہے۔ پسی ہوئی مرچیں سالن، سبزی اور اچار وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہیں جبکہ ہری مرچیں سلاد، اچار، سالن اور پلاؤ میں استعمال ہوتی ہیں۔

مرچ کے پودے کی تاریخ

تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ 75 قبل مسیح میں مرچ ایک جنگلی پودے کی شکل میں لاطینی امریکہ کے علاقے نیو میکسیکو میں ہوا کرتی تھی۔ پیرو

فصل کو خشک سالی سے بچانے کے طریقے	23
پانی دینے کا طریقہ	24
گوڈی اور مٹی چڑھانے کا طریقہ	24
کیڑے اور ان سے بچاؤ کا طریقہ / علاج	25
کیمیائی کھاد دینے کا وقت اور مقدار	26
کھاد دینے کے طریقے	7
مرچوں کی چنائی	27
مرچ سکھانے کا پرانا اور غلط طریقہ	28
مرچ سکھانے کا جدید طریقہ	29
مرچوں کی بیماریاں اور ان سے بچاؤ کے طریقے	31
مرچ کی فصل کو بیماریوں سے بچانے کیلئے روایتی یا غیر کیمیائی طریقہ	38
مرچوں کے کیڑے اور بچاؤ کے طریقے	39
لال مرچوں میں زہریلے مادے افلاٹاکسن کا بڑھنا	47

پیش لفظ

زراعت آج بھی سندھ کی اکثر آبادی کا اہم ذریعہء معاش ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سافکو اپنے عملی سفر کے آغاز سے ہی زراعت کی ترقی کیلئے کوشاں رہی ہے جس کی وجہ سے یہ (زراعت) اس کی پہچان بن چکی ہے۔ سافکو اب تک زراعت کی ترقی کے ضمن میں کئی منصوبے کامیابی سے انجادے چکی ہے جن سے کسانوں اور چھوٹے آبادگاروں کو غیر معمولی فائدہ ہوا ہے۔

سافکو ایگری بزنس سپورٹ فنڈ (ASF) اور یو ایس ایڈ (USAID) کی مالی معاونت سے ستمبر 2013ء سے سندھ کے تین اضلاع مثلاً ٹنڈو الہیار، حیدرآباد اور عمرکوٹ میں دو سالوں کیلئے یہ منصوبہ چلا رہی ہے جس کا اہم مقصد کاشتکاروں کو ان کے فصل کی زیادہ قیمت یعنی اضافی قیمت (Premium) دلوانا ہے، اور فصل کا معیار بہتر کرنا ہے۔

زیرِ نظر کتابچہ مذکورہ منصوبے کے تحت شایع کیا گیا ہے جس کا مقصد آبادگار بھائیوں کو زراعت کے متعلق جدید معلومات دستیاب کرنا اور بہتر پیداوار حاصل کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ اس (کتابچے) میں مرچ کی کاشت کی تاریخ سے لیکر زمین کی تیاری، فصل کی حفاظت، مرچ سوکھانے کے طریقوں اور دیگر متعلقہ موضوعات کا نئی معلومات کی بنا پر جائزہ پیش کیا گیا ہے تا کہ کسان اور آبادگار زیادہ سے زیادہ افادہ حاصل کر سکیں۔

اس کتابچے کی تیاری میں مختلف زرعی اداروں مثلاً تحقیقی مرکز کنری اور زرعی توسیعی کھاتے کے شایع شدہ مواد سے مدد حاصل کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں اس اشاعت کی ترتیب میں پراجیکٹ

کتاب کے شرائط وضوابط ادارے کے پاس محفوظ ہیں

نام : مرچ کی کاشت
(سندھ میں مرچ کی کاشت، فصل کی دیکھ بھال
اور پیداوار بڑھانے کے بارے میں معلومات)

ترتیب : سروان بلوچ

تعداد : 1000

صفحات : 52

سال : جون 2014ء

© rights are reserved

Title : **Chili Cultivation**
(Chili Cultivation in Sindh
Management of the Crop and
Information about Yield
Enhancement)

Compiled by : Sarwan Baloch

Copies : 1000

Pages : 52

Year : June 2014

فہرست

پیش لفظ	5
مرچ کے پودے کا مختصر تعارف	7
مرچ کے پودے کی تاریخ	7
مرچ کے استعمال کے فوائد	9
مرچوں کی کاشت کیلئے مناسب آب وہوا	10
زمین کا انتخاب	11
مرچوں کی اجناس اور اوسط پیداوار	11
لمبی پھلیوں والے مرچ	14
ہائبرڈ (Hybrid Chili) اجناس	15
مرچوں کی اجناس کی علاقے اور موسم کے مطابق پنیری بونے اور ان کی منتقلی کا چارٹ	17
مرچوں کا اچھا بیج اور فی ایکٹر پیداوار	18
بیج بونے کے طریقے	19
زمین کی تیاری	21
پنیری بونے کا طریقہ	22

USAID
FROM THE AMERICAN PEOPLE

Cultivating Entrepreneurship

ASF
THE AGRIBUSINESS PROJECT

Together we will create a ROSHAN PAKISTAN

مرچ کی کاشت

سندھ میں مرچ کی کاشت، فصل کی دیکھ بھال اور پیداوار بڑھانے کے بارے میں معلومات

میڈیا ریسورس اینڈ پبلیکیشن سینٹر، سافکو



The Agribusiness Project - Agribusiness Support Fund
A company incorporated under section 42 of the companies ordinence 1984.
Disclaimer: This document is made possible by the support of the American people through the United States Agency for International Development (USAID). The contents are the sole responsibility of the Agribusiness Support Fund (ASF) and do not necessarily reflect the views of USAID or the United States Government